ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ناظم آباد سینٹرل۔ کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Tel/Fax: 99260349 Email:dmc.centralinfo@gmail.com

<u>پریس ریلیز</u>

چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر کی زیرِ صدارت افسران کا اجلاس

محرم الحرام میں ٹاؤن انتظامیہ بارشوں کے دوران مستعد رہے: سید محمد مظفر

عزاداران حسینؑ کو فراہم کی جانے والی سہولتوں اور انتظامات پر بھرپور توجہ دی جائے: سید محمد مظفر

مورخہ 09 جولائی 2024

کراچی (   ) چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر کی زیرِ صدارت افسران کا اجلاس، اجلاس میں ممکنہ بارش کی صورت میں عزاداران حسین کو ہر ممکنہ سہولیات اور خدمات فراہم کرنے کے حوالے سے حکمتِ عملی پر غور کیا گیا، اس موقع پر وائس چیئرمین محمد نعمان صدیقی، میونسپل کمشنر اقتدار علی جعفری، اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد محمد عاصم، ڈائریکٹر سینی ٹیشن ظہیر احمد، ڈائریکٹر ایڈورٹائزمنٹ آصف بیگ، ڈائریکٹر پارکس آصف حسین، فوکل پرسن کلک راشد، فوکل پرسن ناظم آباد ٹاؤن محمد عثمان غنی و دیگر بلدیاتی افسران بھی موجود تھے، اجلاس میں محکمہ موسمیات کی جانب سے مون سون بارشوں کے ایک اور غیر معمولی دورانیہ کی پیشِ گوئی کے پیشِ نظر چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر نے افسران کو عشرہ محرم کے دوران عزاداری، مجالس، جلوسِ عزا کو خوش اسلوبی اور پُرامن انعقاد کو ممکن بنانے کے لئے خصوصی ہدایت جاری کر دی ہیں، غیر معمولی بارشوں کے امکان اور پانی کی بہاؤ اور اجتماع کی نکاسی کے لئے افرادی قوت کے ساتھ ساتھ مشینری کو بھی استعمال کیا جائے تاکہ کسی بھی مقام پر بارش کا پانی جمع نہ ہونے پائے۔ چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن نے کہا کہ ناظم آباد ٹاؤن کی انتظامیہ محرم الحرام میں عزاداران حسینؑ کو ہر ممکنہ سہولیات کی فراہمی کو ممکن بنا رہی ہے اور اس سلسلے میں مساجد و امام بارگاہوں کے اطراف صفائی ستھرائی، چونے کا چھڑکاؤ، جراثیم کش ادویات کا اسپرے اور روشنی کے بھرپور انتظامات کئے گئے ہیں، تاکہ مساجد، امام بارگاہوں اور مرکزی اجتماعات کے مقامات پر آنے جانے والے زائرین کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے، اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد محمد عاصم نے کہا کہ ناظم آباد ٹاؤن میں محرم الحرام کے حوالے سیکوریٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں، بعد ازاں اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد محمد عاصم نے ڈائریکٹر سینی ٹیشن ظہیر احمد کے ہمراہ ناظم آباد ٹاؤن کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور ممکنہ بارشوں کے حوالے سے کئے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا۔

فہیم مصطفیٰ

ڈائریکٹر انفارمیشن

ناظم آباد ٹاؤن